# ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

## ہاؤس نمبر 3، بلاک P، ڈیرہ غازیخان

ریفرنس نمبر: DGKCC&I/CIR/261/2022　　　　　　　　　　مورخہ 09 ستمبر 2022

## کاروائی سالانہ جنرل میٹنگ منعقدہ مورخہ 30 ستمبر 2022

ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی سالانہ جنرل میٹنگ مورخہ 30 ستمبر 2022 بروز جمعۃ المبارک بوقت 03:00 بجے سہ پہر چیمبر کے رجسٹرڈ آفس واقع ہاؤس نمبر 3، بلاک P، ڈیرہ غازیخان میں ریٹائرنگ صدر جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی کی زیر صدارت منعقد ہوئی جس میں شریک اراکین کی فہرست علیحدہ سے لف ہے۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا جس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور برائے منظوری و توثیق ایوان کے سامنے پیش کیے گئے۔

1-　<u>سابقہ سالانہ جنرل میٹنگ منعقدہ مورخہ 30-09-2021 کی کارروائی کی توثیق</u>

سیکریٹری جنرل چیمبر نے گزشتہ سالانہ جنرل میٹنگ منعقدہ مورخہ 30-09-2021 کی کارروائی ایون میں پڑھ کر سنائی جس کی ہاؤس نے باتفاق رائے توثیق کردی اور درج ذیل قرارداد منظور کرلی۔

"قرارداد"

" ہاؤس میں گزشتہ سالانہ جنرل میٹنگ منعقدہ مورخہ 30-09-2021 کی کارروائی پڑھ کر سنائی گئی جس کی ایوان باتفاق رائے توثیق کرتا ہے۔"

2-　<u>چیمبر کے ریٹائرنگ صدر کی جانب سے سال 22-2021 کی سالانہ رپورٹ</u>

چیمبر کے ریٹائرنگ صدر جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی نے گزشتہ سال 22-2021 کی سالانہ رپورٹ ایوان میں پڑھ کر سنائی۔ انہوں نے تفصیل کے ساتھ ایوان کو سال گزشتہ چیمبر کی کوششوں اور سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔ ایوان نے رپورٹ کے مندرجات کو سراہا اور اس ضمن میں ایک قرارداد کی منظوری دے دی۔

"قرارداد"

"ایوان 22-2021 کی سالانہ رپورٹ کو سراہتا ہے اور اس کی باتفاق رائے توثیق کرتا ہے۔"

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry — SECRETARY GENERAL — D.G.Khan

3- <u>چیمبر کے آڈٹ شدہ حسابات برائے 2021-22 کی منظوری</u>

صاحب صدر کی ہدایت پر سیکریٹری جنرل نے سال 2021-22 کے چیمبر حسابات کی آڈٹ شدہ رپورٹ ایوان میں پیش کی۔ اراکین نے حسابات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کچھ اراکین نے اس بارے میں استفسارات بھی کیے جس کا صاحب صدر نے انہیں تسلی بخش جواب دیا چنانچہ ہاؤس نے یک زبان ہو کر چیمبر کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کو منظور کر کے ایک مندرجہ ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

"قرارداد"

"ہاؤس کو چیمبر کی آڈٹڈ رپورٹ برائے سال 2021-22 پیش کی گئی۔ ہاؤس آمدن اور اخراجات کے گوشواروں سے آگاہی کے بعد اپنے مکمل اطمینان کا اظہار کرتا ہے اور چیمبر اکاؤنٹس کو با اتفاق رائے منظور کرتا ہے۔"

4- <u>سال 2022-23 کیلئے چیمبر میں آڈیٹرز کے تقرر کی منظوری</u>

صاحبِ صدر نے ہاؤس کو بتایا کہ شیخ محبوب اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس گزشتہ کئی برسوں سے چیمبر کے اکاؤنٹس کا آڈٹ کرتے چلے آرہے ہیں اور انکی کارکردگی انتہائی تسلی بخش ہے جبکہ وہ آڈٹ فیس کی مد میں بھی چیمبر سے خصوصی رعایت کرتے ہوئے نصف آڈٹ فیس یعنی مبلغ بیس ہزار روپے وصول کر رہے ہیں۔ مزید برآں انہوں نے آئندہ سال کیلئے بھی اپنی خدمات پیش کی ہیں لہذا ہاؤس کے سامنے تجویز ہے کہ اگر وہ مناسب سمجھے تو اگلے سال 2022-23 کیلئے بھی ان کا نام بطور آڈیٹرز منظور کر لیا جائے جس پر ایوان نے شیخ محبوب اینڈ کمپنی کی خدمات کو سراہتے ہوئے آئندہ سال 2022-23 کیلئے بھی بطور آڈیٹرز چیمبر ان کے نام کی منظوری دے دی اور اس ضمن میں ایک مندرجہ ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

"قرارداد"

"ہرگاہ چیمبر کا ایوان 2022-23 کے لئے بھی شیخ محبوب اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی خدمات کو سراہتے ہوئے بطور آڈیٹرز انکی تقرری منظور کرتا ہے اور تجویز کرتا ہے کہ چیمبر کو آڈٹ فیس میں خصوصی رعایت دینے پر انہیں ہاؤس کے جذبات سے آگاہ کر دیا جائے۔"

5- <u>چیمبر کے سالانہ انتخابات برائے سال 2022-23 میں منتخب ہونے والے اراکین ایگزیکٹو کمیٹی اور عہدیداران کے ناموں کا اعلان اور منظوری</u>

صاحب صدر کی ہدایت پر سیکریٹری جنرل چیمبر نے سال 2022-2023 کے انتخاب میں منتخب ہو کر آنے والے درج ذیل اراکین ایگزیکٹو کمیٹی اور اعلیٰ عہدیداران کے درج ذیل نام اور کوائف ایوان میں پڑھ کر سنائے۔

Secretary General
D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry

# ایگزیکٹو کمیٹی

## کارپوریٹ کلاس

1- جناب خواجہ محمد خواجہ محمد الیاس صاحب، محمود ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، (کمپوزٹ یونٹ) ڈی جی خان روڈ، مظفرگڑھ۔

2- جناب خواجہ نصر المحمود صاحب، نظامیہ فلنگ اسٹیشن، اڈا کریم والا، تونسہ شریف ضلع ڈیرہ غازیخان۔

3- جناب میاں حسین احمد فضل صاحب، حسین ملز لمیٹڈ، فضل نگرز دیک فضل کلاتھ ملز لمیٹڈ، مظفرگڑھ۔

4- جناب حاجی محمد ذوالفقار خان صاحب، غوثیہ گھی انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، جام پور روڈ، ڈیرہ غازیخان۔

5- جناب مقصود احمد خان صاحب، ایمبر وشیا کیمیکلز، کوئٹہ روڈ، ڈیرہ غازیخان۔

6- جناب غلام مرتضٰی خان صاحب، ایم کے ایس وینچر ٹیک، (مرتضٰی پٹرولیم سروس) سناواں کوٹ ادو،

7- محترمہ گل فاطمہ صاحبہ، نصوحہ کاٹن جنرز، پل قمبر تونسہ روڈ، ڈیرہ غازیخان۔

## ایسوسی ایٹ کلاس

1- جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی صاحب، شیخ معراج الدین اینڈ کمپنی، شاہ سکندر روڈ، ڈیرہ غازیخان۔

2- جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب، ایم اے ایس ٹریڈرز، مغل پیلس بالمقابل NMC-I کوئٹہ روڈ، ڈیرہ غازیخان۔

3- جناب محمد علی خان دستی، الفلاح ٹریکٹرز کارپوریشن، پاک ٹریڈ سنٹر، جامپور روڈ، ڈیرہ غازیخان۔

4- جناب سرمد سلیم خوجہ صاحب، خوجہ ٹریڈرز، بلاک نمبر 17، جامپور روڈ، ڈیرہ غازیخان۔

5- جناب شیخ مقبول الٰہی صاحب، الفلاح موبائل، لیاقت بازار، ڈیرہ غازیخان۔

6- جناب محمد عمر فاروق صاحب، فارمالنک، بلاک نمبر 37، ڈیرہ غازیخان۔

# اعلیٰ عہدیداران

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1- | جناب خواجہ محمد خواجہ محمد الیاس صاحب | (صدر) | محمود ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ، ملتان روڈ، مظفرگڑھ۔ |
| 2- | جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب | (سینئر نائب صدر) | ایم اے ایس ٹریڈرز، مغل پیلس، کوئٹہ روڈ، ڈیرہ غازیخان۔ |
| 3- | جناب سرمد سلیم خوجہ صاحب | (نائب صدر) | خوجہ ٹریڈرز، بلاک نمبر 17، جامپور روڈ، ڈیرہ غازیخان۔ |

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan • SECRETARY GENERAL

جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی صدر ایوان نے سال 2023-2022 کے اعلیٰ عہدیداران کے نتیجے کا اعلان کیا اور ان اعلیٰ عہدیداران کا ہاؤس کو تعارف کرایا جنہیں سکروٹنی کمیٹی نے انہیں ان کے عہدوں کیلئے بلا مقابلہ منتخب قرار دیا تھا۔ جناب صدر نے فرمایا کہ میں اپنی اور ہاؤس کی طرف سے محترم جناب خواجہ محمد یونس صاحب جو ہمارے گروپ کے پیٹرن ان چیف اور ہمارے چیمبر کے سرپرست اعلیٰ بھی ہیں ان کے دم سے اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہمارا ادارہ ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری چل رہا ہے اور ملک میں اپنا مقام رکھتا ہے۔ میں جناب خواجہ محمد الیاس صاحب کو بلا مقابلہ صدر منتخب ہونے پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اس پر ہاؤس میں حاضر اراکین نے بڑے پر جوش انداز میں تالیاں بجا کر اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے مبارکباد دی اسی طرح جناب صدر نے کہا کہ محترم جناب خواجہ محمد الیاس صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں بلکہ وہ ہمارے مہربان ہیں ان کی کرم نوازی اور شفقت ہے کہ انہوں نے مجھے اس قابل سمجھا اور مجھے آپ کے چیمبر کا اعلیٰ منصب سونپا بلکہ میں آج یہ کہنے کے قابل ہوں کہ محترم جناب خواجہ محمد یونس صاحب نے جو مجھے امانت سونپی تھی جناب خواجہ محمد جلال الدین رومی کے ہاتھوں سے ملی وہ میں آج جناب خواجہ محمد الیاس کو واپس لوٹا رہا ہوں وہ ہمارے چیمبر کے روح رواں ہیں اور دو مرتبہ چیمبر کے صدر بھی رہ چکے ہیں ان لوگوں کے دم سے ہی ہمارا چیمبر چل رہا ہے ان کی ہمارے چیمبر کیلئے گراں قدر خدمات ہیں جن کو میں اپنے الفاظ میں پیش نہیں کر سکتا میں نے جناب خواجہ صاحبان کی رہنمائی میں کام کیا۔ چیمبر کے معاملات چلانے میں جناب خواجہ محمد الیاس صاحب جو ادراک ہے وہ شاید ہم میں سے کسی کو ہو میری دعا ہے اور یقین ہے جو بھی ہمارے علاقے کی ترقی اور چیمبر کی بلڈنگ اور ڈیرہ غازیخان میں سمال انڈسٹریل کے قیام کیلئے جو بھی مسائل پیش اور رکاوٹیں حائل ہیں وہ دور ہو جائیں گی وہ انشاءاللہ جناب خواجہ محمد الیاس صاحب کے دور میں شرمندہ تعبیر ہوں گے۔ میں ان کو اپنی اور اپنے ادارے کی طرف سے مکمل تعاون کا یقین دلاتا ہوں اور میں ہر مقام پر ان کے ساتھ ہوں اور رہوں گا ہماری اور ادارے کی خدمات رضا کارانہ طور پر ان کے ساتھ ہیں۔

اگلے دو اعلیٰ عہدیداران بھی بلا مقابلہ منتخب قرار دیئے گئے تھے ان کا تعارف کرایا اور ان کے نام ہاؤس میں توثیق کیلئے پیش کیے جناب ڈاکٹر صاحب نے ہاؤس کو بتایا ہمارے نو منتخب سینئر نائب جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب بھی کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں جناب مرزا محمد ظفر اقبال اس پہلے ہمارے ادارے کے نائب صدر رہ چکے ہیں اور ہمارے چیمبر کے ممبر ایگزیکٹو کمیٹی بھی رہ چکے ہیں ایم محمد علی اینڈ سنز سول اینڈ مکینکل ورکس کے ڈائریکٹر ہیں ان کی انڈسٹری ہمارے علاقے کی سب سے بڑی اور پہلی انجینئرنگ ورکشاپ ہے اور اس کا شمار ہمارے چیمبر کے بانی اراکین میں ہوتا ہے جناب سرمد سلیم خوجہ ہمارے نو منتخب نائب صدر ہیں ان کا تعلق پاک ون فلٹرز کمپنی سے ہے فلٹر، زرعی اور آٹو پارٹس میں پورے ملک میں نمایاں مقام رکھتے ہیں ہمارے ڈیرہ غازیخان کی یہ واحد کمپنی ہے جو فلٹر اور آٹو سپیئر پارٹس کی ایکسپورٹ میں نمایاں مقام حاصل ہے اور ہمارے چیمبر کے واحد ممبر ہیں جن کا فلٹرز گارڈ گروپ کی طرح پورے ملک میں مقبول عام ہے۔

اوران کی یہ پروڈکٹ ہمارے علاقے کی بہترین پروڈکٹ ہے اور ڈیرہ غازیخان سے ایکسپورٹ کرنے والا یہ واحد ادارہ ہے ان کی انڈسٹری کا کام شمار بھی چیمبر کے بانی کمپنیز میں ہوتا ہے گزشتہ تیس سالوں سے علاقے کی اور ملک کی خدمت میں مصروف عمل ہیں سینئر نائب صدر اور نائب صدر صاحبان دونوں کے اداروں کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ ڈیرہ غازیخان کی بزنس کمیونٹی میں نمایاں مقام رکھتے ہیں دونوں صاحبان نوجوان ہیں کاروباری لوگوں کے مسائل کے حل میں دلچسپی رکھتے ہیں کام کرنے کا جزبہ رکھتے ہیں جناب خواجہ محمد الیاس صاحب کی قیادت میں علاقے اور کاروباری برادری اور صنعتکار برادری کے مسائل کے حل اور ترقی کیلئے بھرپور کوشش کریں گے دعا ہے اور یقین ہے ان کے دور میں ہمارا چیمبر مزید ترقی کرے گا۔ ہاؤس میں حاضر اراکین نے اظہارِ مسرت کرتے ہوئے نومنتخب عہدیداروں اور ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین کو دلی مبارکباد پیش کی اور انکے ناموں کی توثیق کردی۔ ایوان نے اس امید کا اظہار کیا کہ منتخب اراکین بھرپور صلاحیت، دانش اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے چیمبر کو ایک متحرک اور فعال ادارہ بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں گے۔ ہاؤس نے سبکدوش ہونے والے صدر جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی، سینئر نائب صدر سردار شہباز علی خان نصوحہ، نائب صدر جناب سردار خلیل احمد خان علیانی اور اراکین مجلسِ عاملہ کو بھی خراجِ تحسین پیش کیا اور اس توقع کا اظہار کیا کہ ان کی خدمات آئندہ بھی چیمبر کو میسر رہیں گی۔ اس موقع پر ایوان نے تالیوں کی گونج میں منتخب اراکین کا خیر مقدم کیا اور انہیں پھولوں کے ہار پہنائے گئے۔ اس ضمن میں ایک درج ذیل قرارداد بھی منظور کر لی گئی۔

## "قرارداد"

" ہاؤس کو چیمبر کے انتخابات برائے سال 23-2022 کے لئے ایوان سے نومنتخب اراکین ایگزیکٹو کمیٹی و اعلیٰ عہدیداران برائے سال 23-2022 کا تعارف کرایا گیا اوران کے کوائف سے آگاہ کیا گیا۔ ہاؤس ان ناموں کی توثیق کرتے ہوئے امید کرتا ہے کہ نومنتخب عہدیداران اور اراکین ایگزیکٹو کمیٹی چیمبر کی کارکردگی میں اضافے کیلئے کوشاں رہیں گے۔ ہاؤس اس موقع پر سبکدوش ہونے والے عہدیداران اور مجلسِ عاملہ سے اس توقع کا اظہار کرتا ہے ان کا تعاون آئندہ کیلئے بھی چیمبر کو یونہی حاصل رہے گا نومنتخب اراکین اور اعلیٰ عہدیداران چیمبر کے اغراض ومقاصد کو پایہء تکمیل تک پہنچانے کیلئے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کردیں گے۔"

6- <u>نومنتخب اور سبکدوش عہدیداران کا سالانہ اجلاس میں اظہار خیال</u>

ڈیرہ غازی خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی سالانہ جنرل باڈی تقریب سے جناب خواجہ محمد یونس صاحب سابق صدر اور چیمبر کے سرپرست اعلیٰ (پیٹرن ان چیف) نے خطاب کرتے ہوئے سب سے پہلے اجلاس میں شریک تمام شرکا کرام کا شکریہ ادا کیا کہ آپ نے اپنی گوناگوں مصروفیات میں سے وقت نکال کر چیمبر کے پروگرام کو رونق بخشی جس پر میں اپنے، چیمبر کے صدر اور نومنتخب عہدیداران کی طرف سے شکر گزار ہوں اور آج کے اس جنرل باڈی اجلاس میں شرکت کرنے پر خوش آمدید کہتا ہوں۔

Chamber of Commerce
SECRETARY GENERAL
D.G.Khan

ہم نے چیمبر اور علاقے کی ترقی کی ہر ممکن کوشش کی ہے اور آئندہ بھی ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور ڈیرہ غازیخان ڈویژن کی صنعتی اور تجارتی ترقی کے حوالے سے بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے اور جو بھی خدمات ہوں گی سرانجام دیں گے پہلے بھی ہماری خدمات آپ کے سامنے ہیں ہم نے ہر مقام پر چیمبر کی نمائندگی کو بھرپور طریقے سے انجام دیا حالیہ سیلاب اور بارشوں کے ایام میں آپ کے علاقے میں جو مسائل ہمارے اس علاقے کے لوگوں کو پیش آئے ہم نے تونسہ شریف سے لیکر روجھان تک تمام لوگوں کی بے لوث خدمت اور مدد کی جو ہم سے ہوسکا ان کی بے سروسامانی میں خوراک، رہائش اور ادویات کی صورت میں مدد کرنے کی بھرپور کوشش کی سیلاب زدہ لوگوں کی دوبارہ بحالی تک چیمبر کی طرف اور اپنی ذاتی طور پر انتظامی، سیاسی اور حکومتی سطح پر خدمات جاری رکھیں گے اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے اللہ تعالیٰ ملک پاکستان اور خاص طور ہمارے اس علاقے کو مزید پریشانی، آفات، وبائی امراض سے محفوظ رکھے اپنا کرم ورحم فرمائے (آمین ثم آمین) میں ایک بار پھر آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے چیمبر کے لئے اپنی مصروفیات میں وقت نکال کر ہماری اس میٹنگ کو رونق بخشی۔شکریہ

سالانہ جنرل باڈی اجلاس سے ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سابق صدر ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں اپنی طرف سے ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی طرف سے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد پیش کرتا ہیں جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان نے کہا کہ محترم جناب خواجہ محمد یونس صاحب، خواجہ محمد جلال الدین رومی، جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ سابق صدر کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھے اس قابل سمجھا اور مجھے آپ کے چیمبر کا اعلیٰ منصب سونپا بلکہ میں آج یہ کہنے کے قابل ہوں کہ محترم جناب خواجہ محمد یونس صاحب نے جو مجھے امانت سونپی تھی جو مجھے جناب خواجہ محمد جلال الدین رومی کے ہاتھوں سے ملی وہ میں آج جناب خواجہ محمد الیاس صاحب کو واپس لوٹا رہا ہوں وہ ہمارے چیمبر روح رواں ہیں اور دو مرتبہ چیمبر کے صدر بھی رہ چکے ہیں ان کے دم سے ہی ہمارا چیمبر چل رہا ہے ان کی ہمارے چیمبر کیلئے گراں قدر خدمات ہیں جن کو میں اپنے الفاظ میں پیش نہیں کرسکتا میں نے جناب خواجہ صاحبان کی رہنمائی میں کام کیا۔چیمبر کے معاملات چلانے میں جناب خواجہ محمد الیاس صاحب جو ادراک ہے وہ شاید ہم میں سے کسی کو ہو میری دعا ہے اور یقین ہے جو بھی ہمارے علاقے کی ترقی اور چیمبر کی بلڈنگ اور ڈیرہ غازیخان میں سمال انڈسٹریل کے قیام کیلئے جو بھی مسائل پیش اور رکاوٹیں حائل ہیں وہ دور ہو جائیں گی۔ میں یقین کے ساتھ کہتا ہوں کہ چیمبر کی بلڈنگ کی تعمیر کا خواب انشاءاللہ جناب خواجہ محمد الیاس صاحب کے دور میں شرمندہ تعبیر ہوگا تقریباً تین مرتبہ چیمبر کی وفد کی جناب لیاقت علی چٹھہ، کمشنر ڈیرہ غازیخان سے میٹنگ ہوئیں ہم نے چیمبر کی بلڈنگ کی تعمیر کیلئے جس رقبہ کی درخواست کی ہے اس پر کام ہو رہا ہے مجھے یقین ہے وہ انشاءاللہ بہت جلد چیمبر کو الاٹ ہو جائے گا اور اس کی خوشخبری آپ کو مل جائے گی۔ میں جناب خواجہ محمد الیاس صاحب اور ان کی ٹیم کو اپنی اور اپنے ادارے کی طرف سے مکمل تعاون کا یقین دلاتا ہوں اور میں ہر مقام پر ان کے ساتھ ہوں اور رہوں گا ہماری اور ادارے کی خدمات کیلئے رضاکارانہ طور پر ان کے ساتھ ہیں۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry · D.G.Khan · SECRETARY GENERAL

جناب خواجہ صاحب اپنے قابلیت اور صلاحیتوں سے ڈیرہ غازی خان میں بے روزگاری کے خاتمہ کے علاوہ، نئی صنعتوں کے قیام اور تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے کوششوں کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔ تا کہ علاقے میں صحت مند کاروباری ماحول کو فروغ مل سکے۔ انھوں نے کہا کہ سیلاب کی وجہ سے ہمارے ڈویژن کا کاروباری طبقہ مسائل کا شکار ہے۔ ایسی صورت میں ہمارا یہ مشن ہے کہ پہلے بند انڈسٹری کو فعال کرایا جائے اس کیساتھ ساتھ نئے کاروباری مواقع پیدا کرنے کے لئے حکومت کے تعاون سے انڈسٹری کے فروغ کے لئے دن رات کام کیا جائے گا۔

نو منتخب سینئر نائب صدر جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب نے سالانہ جنرل باڈی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران اور خاص طور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے پیٹرن ان چیف جناب خواجہ محمد یونس صاحب ہمارے چیمبر کے سابق صدور ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی، سردار ذوالفقار علی خان، شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی و ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین نے جس بھر پور اعتماد کا اظہار کیا ہے میری کوشش ہوگی میں ان کی نگرانی اور رہنمائی میں پوری ہمت کے ساتھ کام کروں گا اور ان کے اعتماد پر پورا اترنے کی ہر ممکن کوشش کروں گا۔ ہمارے ساتھ ہمارے صدر جناب خواجہ محمد الیاس کی بھر پور رہنمائی رہے گی اور ان کی قیادت میں ہمارا چیمبر بھر پور ترقی کرے گا ان کی قیادت میں ان کی قائدانہ صلاحیتوں کے پر بھر پور یقین رکھتے ہیں اور ان کو اپنی طرف سے چیمبر اور کاروباری برادری کے مسائل کے حل اور ڈیرہ غازی خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی تعمیر و ترقی کے لیے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہیں اور ہماری خدمات دن رات چیمبر کی تعمیر و ترقی اور کاروباری و صنعتی ترقی اور مسائل کے حل کیلئے حاضر خدمت ہیں

نو منتخب نائب صدر جناب سرمد سلیم خوجہ صاحب نے سالانہ جنرل باڈی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ممبران اور خاص طور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے پیٹرن ان چیف جناب خواجہ محمد یونس صاحب ہمارے چیمبر کے سابق صدور ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی، سردار ذوالفقار علی خان، شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی و ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین نے جس بھر پور اعتماد کا اظہار کیا ہے میری کوشش ہوگی میں ان کی نگرانی اور رہنمائی میں پوری ہمت کے ساتھ کروں گا۔ ڈیرہ غازی خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے پلیٹ فارم سے حکومت پاکستان اور حکومت پنجاب سے پر زور مطالبہ کرتے ہیں بیروزگار نوجوانوں کو سمال انڈسٹری لگانے کے لیے پنجاب حکومت نے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کیلئے خواہشمند افراد کو پلاٹوں کی الاٹمنٹ کیلئے احکامات جاری کئے جائیں جس پر عمل درآمد کے لئے کوششیں کرینگے علاقہ کے سرمایہ کاروں کو بڑی صنعتوں کیلئے آگے لانے کے لئے کوششیں کی جائیں گی اس سلسلہ میں ہمیں ہمارے قائدین جناب خواجہ محمد یونس صاحب، خواجہ محمد جلال الدین رومی صاحب، جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی صاحب اور ہمارے صدر جناب خواجہ محمد الیاس صاحب کی رہبری اور رہنمائی کی ضرورت ہوگی اور ہم ان کی قائدانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر چیمبر اور علاقہ کی ترقی کے دن رات مصروف عمل رہیں گے۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan
SECRETARY GENERAL

جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ صاحب سابق صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری ڈیرہ غازیخان نے سالانہ جنرل باڈی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا نومنتخب اراکین ایگزیکٹو کمیٹی اور نومنتخب اعلیٰ عہدیداران کو اپنی طرف سے اجلاس میں شریک تمام معزز ممبران کی طرسے دلی مبارکباد پیش کی کہا کہ میں اپنے اور ادارے کے جملہ ممبران کی طرف سے دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں خاص طور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سرپرست اعلیٰ (پیٹرن ان چیف) جناب خواجہ محمد یونس صاحب کا دل کی گہرائیوں سے شکرگزار جن کی مہربانی اور تعاون سے الیکشن سال 2022-23 کا مرحلہ باخیروخوبی انجام پایا ہمیشہ کی طرح اس سال بھی ان کی کوششوں سے ہمارے چیمبر کے تمام الیکشن میں اراکین مجلس عاملہ اور اعلیٰ عہدیداران بلامقابلہ کامیاب قرار پائے اس کا سہرا بھی جناب خواجہ محمد یونس صاحب کے سر ہے چیمبر کے اس کامیاب الیکشن کے انعقاد پر اپنی تمام معزز اراکین خاص طور پر سابق صدر جناب ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی صاحب، سابق سینئر نائب صدر سردار شہباز علی خان نصوحہ صاحب، سابق نائب صدر جناب سردار خلیل احمد خان علیانی صاحب، ہمارے چیمبر کے روح رواں جناب شیخ محمد طارق اسماعیل قریشی صاحب سابق سینئر نائب صدر جن کا چیمبر کے معاملات میں انتہائی اہم کردار ہے چیمبر کی خدمت اور ترقی میں ہمشہ مصروف عمل ہیں ڈیرہ غازیخان کی کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل میں ان کا کردار نمایاں ہے ان کو اور اپنے ٹیم کے تمام شرکا کو خراج عقیدت اور خراج تحسین پیش کرتا ہوں اس سال ہمارے نومنتخب عہدیداران جناب مرزا محمد ظفر اقبال صاحب اور نائب جناب سرمد سلیم خوجہ صاحب نوجوان قیادت ہے اور میرے لئے چھوٹے بھائی کا درجہ رکھتے ہیں ان کو ادارے کے چلانے میں جہاں اور جس مقام پر میرے رہنمائی اور خدمات کی ضرورت پیش آئے گی میں ان کے ساتھ ہوں گا بلکہ ایک قدم آگے پائیں گے ان کو کامیاب کرنے کیلئے بے لوث تعاون کی یقین دہانی کراتا ہوں محترم جناب خواجہ محمد الیاس صاحب نومنتخب صدر جو ہمارے لیڈر بھی ہیں ان کی قیادت میں چیمبر کی تعمیر وترقی اور ڈیرہ غازیخان کاروباری اور صنعتی برادری کو درپیش مسائل کے حل کیلئے میں اپنی اور اپنے ادارے کی طرف ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتا ہوں ہم ہر وقت اور ہمیشہ ان کے ساتھ ہیں اور ان کے سایہ میں رہ کر ان کی قیادت کام کرتے رہیں گے اس کے ساتھ میں اجازت چاہوں گا اس کے ساتھ ہی میں اب جنرل باڈی کے اجلاس سے جناب خواجہ محمد الیاس کو دعوت خطاب دیتا ہوں کہ وہ سٹیج پر تشریف لائیں اور اپنے مفید خیالات کا جنرل باڈی سے اظہار فرمائیں۔ جناب خواجہ محمد الیاس صاحب جب خطاب کے لئے سٹیج پر تشریف لائے تو اجلاس میں شریک تمام شرکا نے کھڑے ہو کر تالیاں بجا کر اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کرے استقبال کیا اور اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

سالانہ جنرل باڈی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نومنتخب صدر خواجہ محمد الیاس نے کہا کہ میں چیمبر کے سابق صدور جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ صاحب، بیرسٹر سردار عباس علی خان نصوحہ صاحب، ڈاکٹر محمد شفیق خان پتافی صاحب، سابق سینئر نائب صدر جناب سردار شہباز علی خان نصوحہ، سردار خلیل احمد خان علیانی، اراکین ایگزیکٹو کمیٹی اور اس اجلاس میں شریک ڈیرہ غازی خان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تمام اراکین کا تہہ دل سے مشکور ہوں جنہوں نے مجھے بھرپور اور غیر متزلزل اعتماد بخشا۔

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry
SECRETARY GENERAL
D.G.Khan

میں اور میری ٹیم علاقے میں تجارتی اور صنعتی سرگرمیوں کو بہتر بنانے اور نئے کاروباری مواقع پیدا کرنے کی کوشش کریں گے اس علاقے کے سینکڑوں افراد ہمارے مختلف اداروں میں کام کر رہے ہیں جس کی وجہ سے ضلع ڈیرہ غازیخان ڈویژن میں بے روزگاری ختم کرنے میں ہمارا موثر کردار ہے۔ انھوں نے کہا کہ وہ جلد ہی وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الہٰی سے ملاقات میں مطالبہ کریں گے کہ ڈیرہ غازی خان میں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو دفتر کے لیے اراضی فراہم کرنے کے وعدے پر عمل درآمد کرائیں، تاکہ یہاں کے کاروباری طبقے کو اپنا دفتر میسر آسکے۔ میں اپنی طرف سے آپ کو اور چیمبر کے تمام عہدیداران کو یقین دلاتا ہوں کہ علاقے اور ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ترقی اور انڈسٹریل اسٹیٹ قیام کیلیئے جو کوششیں جاری ہیں ان کو عملی جامہ پہنانے کے لئے مزید تیز کردیا جائے گا میری اور میری ٹیم کی کوشش ہوگی ان منصوبوں کو جلد از جلد پایہ تکمیل پہنچایا جائے علاقے کی انڈسٹری کو درپیش مسائل اور کاروباری برادری کو مسائل کے حل ساتھ ان کے کاروبار کے فروغ کیلیئے ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔

-7 <u>صاحبِ صدر کی اجازت سے زیرِ غور لائے جانے والے امور۔</u>

چیمبر کے سابق صدر جناب سردار ذوالفقار علی خان نصوحہ صاحب نے اسٹیج سیکریٹری کے فرائض سرانجام دیئے۔ اسٹیج سیکریٹری نے شرکاء کرام کو دعوت دی کہ اس موقع پر وہ اگر کوئی نکتہ پیش کرنا چاہیں تو صاحبِ صدر کی اجازت سے پیش کرسکتے ہیں جس پر اراکین کی ملکی ٹیکس سسٹم، بجلی و گیس کی لوڈشیڈنگ اور انکے ریٹس کے علاوہ پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں، ڈیرہ غازیخان میں انڈسٹریل اسٹیٹ کا قیام اور ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے بارے میں چند نکات پر اظہارِ خیال کیا گیا جس پر نومنتخب صدرِ محترم نے یقین دلایا کہ ان نکات پر جلد ہی اعلیٰ حکام اور مجاز افسران سے رابطہ کیا جائے گا۔ چونکہ مزید کوئی نکتہ زیرِ غور نہ لایا گیا۔ جناب خواجہ محمد الیاس صاحب نومنتخب صدر نے سالانہ جنرل میٹنگ میں شریک ممبران چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری دیگر معززین علاقہ اور معزز مہمانان گرامی کا شرکت کرنے پر شکریہ ادا کیا اور کہا کہ میں تہہ دل سے آپ تمام شرکا کا شکرگزار ہوں کہ آپ نے اپنا قیمتی وقت نکال کر چیمبر کے تقریب کو شرف رونق بخشی صاحب صدر نے شرکاء کرام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اجلاس کے اختتام پذیر ہونے کا اعلان کیا اور تمام معزز مہمانان گرامی کو کھانے کی دعوت دی جس کا اہتمام آپ کے اعزاز میں کیا گیا ہے۔

(محمد مجاہد)

سیکریٹری جنرل

ڈیرہ غازیخان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

SECRETARY GENERAL

D.G.Khan Chamber of Commerce & Industry • D.G.Khan